© rasailojaraid.com



عینک فریبی

# زبان میری ہے بات اُن کی

● ملک میں نفاذِ شریعت کے لیے مجلس عمل نے ملک گیر جدوجہد کا فیصلہ کرلیا۔(ایک خبر)

☆ کاش! مجلس نے شریعت کو وردی جتنی ہی اہمیت دی ہوتی!

● سابق وزیراعظم جمالی اپنے گاؤں روانہ (ایک خبر)

☆ ڈاچی والیا موڑ مہاراں وے!

● مشرف اقتدار بچاؤ کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔(اپوزیشن)

☆ اقتدار کی لیلیٰ میں بڑی کشش ہے پیارے!

● تمام سیاست دانوں کی نرسری' فوجی گملے میں لگی ہے۔(شیخ رشید)

☆ قفس کو راستہ جاتا ہے سوئے آشیاں ہوکر

● مسجد اور مدارس کے بجلی کے بلوں میں بھی ٹی وی لائسنس کی فیس شامل۔(ایک خبر)

☆ روشن خیالی کے دور کے برگ وبار!

● ڈاکٹر قدیر کے بیس ممالک اور کمپنیوں سے رابطے تھے۔(البرادعی)

☆ اور حکومت سو رہی تھی!

● 32.1 فیصد پاکستانی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔(گورنر سٹیٹ بینک)

☆ میرے ادھر بھی آدمی ہیں اور ادھر بھی آدمی
ان کے جوتوں پر چمک ہے ان کے چہروں پر نہیں

● شجاعت سے حلف انگریزی میں لیا گیا۔(ایک خبر)

☆ قومی زبان اردو اور ایجنڈہ انگریزی ہے' بس یہی مجبوری ہے۔

● میں نے ملکی خزانہ بھر دیا۔(شوکت عزیز)

☆ اور غریبوں کا پیٹ کمر کے ساتھ لگا دیا!

● مولوی صاحبان کے قدم نہ پڑیں تو سندھ میں امن ہی امن ہو۔(الطاف حسین)

☆ مطلب یہ ہے کہ ہم جو کچھ مرضی کرتے پھریں' اس میں کوئی کچھ نہ کہے!

© rasailojaraid.com